32T MURD

*Total number of pages – 8*

# 2022

# URDU

## ( MODERN INDIAN LANGUAGE )

**Full Marks : 100**

**Pass Marks : 30**

**Time : Three hours**

*The figures in the margin indicate full marks for the questions.*

Contd.

1. مندرجہ ذیل سوالوں کا مختصر جواب دیجئے : 1×10=10

(الف) علامہ اقبال کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی ؟

(ب) پطرس بخاری کا اصلی نام کیا ہے ؟

(ج) 'افسانہ' کسے کہتے ہے ؟

(د) قلعہ احمد نگر جیل میں کون مقید تھے ؟

(ہ) انجم شجاع آبادی کا تعلق کس صوبہ سے ہے ؟

(و) ذوق کا پورا نام کیا تھا ؟

(ز) 'مرآۃ العروس' کس مصنف کی تصنیف ہے ؟

(ح) شیخ محمد ابراہیم کس لقب سے مشہور ہوئے ؟

(ط) ڈپٹی نذیر احمد کے کسی ایک ناول کا نام لکھئے۔

(ی) مولانا ابوالکلام آزاد کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

2. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو (۲) کا اپنی مادری زبان یا انگریزی میں ترجمہ کیجئے : 5×2=10

(الف)

ایک دن میں اور مرزا صاحب برآمدے میں ساتھ ساتھ کرسیاں ڈالے چپ چاپ بیٹھے تھے۔ جب دوستی

پرانی ہوجاتی ہے تو گفتگو کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی اور دوست ایک دوسرے کی خاموشی سے بھی لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ یہی ہماری حالت تھی۔ ہم دونوں اپنے اپنے خیالات میں غرق تھے۔ مرزا صاحب تو خدا جانے کیا سوچ رہے تھے، لیکن میں زمانے کی ناسازگاری پر غور کررہا تھا۔

(ب)

یہ ارادہ تو پختہ کرلیا کہ دو تین دن کے اندر اردگرد کی تمام مشہور تاریخی عمارات اور کھنڈرات کو نئے سرے سے دیکھ ڈالوں گا۔ اس کے بعد اگلے گرمی کے موسم میں ہوسکا تو بائسائیکل سے کشمیر وغیرہ کی سیر کروں گا۔ صبح صبح ہواخوری کے لئے ہر روز شہر تک جایا کروں گا اور شام کو ٹھنڈی سڑک پر جہاں اور لوگ سیر کو نکلیں گے میں سڑک کے صاف شفاف سطح پر ہاتھی دانت کی ایک گیند کی طرح گزر جاؤں گا۔

(ج)

بھولا یہ بات نہ سمجھ سکا کہ ایک ہی شخص کس طرح ایک ہی وقت میں کسی کا بھائی اور کسی کا ماموں کیسے ہوسکتا ہے ؟ وہ تو اب تک یہی سمجھتا آیا تھا کہ اس کے ماموں جان اس کے باباجی کے بھی ماموں جی ہیں۔ بھولا نے مخمصے میں پڑنے کی کوشش نہ کی اور اچک کر ماں کی گود میں جا بیٹھے اور اپنی ماں سے گیتا سننے کے لئے اصرار کرنے لگا۔ وہ گیتا محض اس وجہ سے سنتا تھا کہ وہ کہانیوں کا شوقین تھا ادھیائے کے آخر میں مہاتم سن کر وہ بہت خوش ہوتا تھا۔

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی دو (۲) کا سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجئے : 5×2=10

(الف) ہم میں اور حیوانوں میں کم از کم مجھ میں اور حیوانوں میں کوئی فرق نہیں ۔۔۔۔۔

ہاں ہاں میں جانتا ہوں کہ تم میخ نکالنے میں بڑے طاق ہو، کہہ دوگے کہ حیوان جگالی کرتے ہیں تم نہیں کرتے، ان کے دم ہوتی ہے تمہارے نہیں ہوتی۔

(ب) معلوم ہوا کہ ایک پرانی چھوٹی سی مسجد ہے، وہ بھی مسجد ضرار کی طرح ویران، وحشتناک، نہ کوئی حافظ ہے نہ ملّا، نہ طالب علم نہ مسافر، ہزار ہا چمگادڑیں اس میں رہتی ہیں کہ ان کے تسبیح بے ہنگام سے کان کے پردے پھٹے جاتے ہیں۔ فرش پر اس قدر بیٹ پڑی ہے کہ بجائے خود کھڑنجے کا فرش بن گیا ہے۔

(ج) بھولا بھی جانتا تھا کہ میں نے اس کی ایسی بات کبھی برداشت نہیں کی۔ میں ہمیشہ اس سے یہی سننے کا عادی تھا کہ ''بھولا باباجی کا ہے ماتاجی کا نہیں''۔ مگر اس دن بلوں کو کندھے پر اٹھا کر چھ میل تک لے جانے اور پیدل ہی واپس آنے کی وجہ سے میں بہت تھک گیا تھا۔ شاید میں اتنا نہ تھکتا اگر میرا نیا جوتا ایڑی کو نہ دباتا۔

4. مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیجئے : [کسی تین (۳) کا] 5×3=15

(الف) نظم کسے کہتے ہیں اور علّامہ اقبال نے اپنی نظم ''شعاعِ امید'' میں کس موضوع پر بحث کی ہیں ؟ آسان اردو میں وضاحت کیجئے۔

(ب) طویل مثنویوں میں عام طور پر کتنے اجزاء ہوتے ہیں ؟ ہر ایک جزء تفصیل کے ساتھ بیان کیجئے۔

(ج) مرثیہ کسے کہتے ہیں اور شاعر میر انیسؔ نے مرثیہ کے لئے کن اجزائے ترکیبی کا ذکر کیا ہے ؟ خلاصہ طور پر قلمبند کیجئے۔

(د) ''ترانۂ آسام'' میں شاعر انجم شجاع آبادی نے کن کن تاریخی شخصیات کا تذکرہ کیا ہے ؟ اپنے زبان میں بیان کیجئے۔

5. حسب ذیل اشعار میں سے کسی تین (۳) کا سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجئے : 5×3=15

(الف) جس ساز کے نغموں سے حرارت تھی دلوں میں
محفل کا وہی ساز ہے بیگانۂ مضراب
بت خانہ کے دروازہ پر سوتا ہے برہمن
تقدیر کو روتا ہے مسلماں تہہ محراب

(ب) فنا بھی ہو کے گراں باریٔ حیات نہ پوچھ
اٹھائے اٹھ نہیں سکتا یہ دردِ سر بھی
اگرچہ بے خودیٔ عشق کو زمانہ ہوا
فراق کرتی رہی کام وہ نظر پھر بھی

(ج) ہم بہادر نہیں، ہم منی رام ہوں
وقت آئے تو پھر ہم بنیں صف شکن
ایک دیو، ایک سیو، ایک کے بندے ہیں سب
مل گئے یہاں گلے شنکر وشاہ مرن

(د) مزے جو موت کے عاشق کبھو بیان کرتے
مسیح وخضر بھی مرنے کی آرزو کرتے
اگر یہ جانتے چن چن کے ہم کو توڑیں گے
تو گل کبھو نہ تمنائے رنگ وبو کرتے

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک (۱) ادیب یا شاعر کی حالات زندگی اور انکی خدمت پر روشنی ڈالئے : 10

(i) مولانا ابوالکلام آزاد

(ii) راجندر سنگھ بیدی

(iii) شاد عظیم آبادی

(iv) انجم شجاع آبادی

7. حسب ذیل میں سے کسی دو (۲) سوالوں کا جواب دیجئے : 5×2=10

(الف) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

(ب) مرکب مفید اور مرکب غیر مفید کی تعریف مع مثال قلمبند کیجئے۔

(ج) نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے عدد مخالف بتائیے :

مجلس۔ مکاتب۔ کتب۔ مشکل۔ فقراء۔ مدرسہ۔ دفاتر۔ عالم۔ تواریخ۔ رسول۔

(د) نیچے لکھے ہوئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے :

پھول چڑھانا۔ تن من بھر جانا۔ رات دن برابر ہونا۔ گدھے کو آدمی بنانا۔ عقل پر پردہ پڑ جانا۔

8. درج ذیل اقتباس کا اردو میں ترجمہ کیجئے : 10

We should depend upon Allah, the Exalted. O, our Lord! accept our prayer. You should speak urdu in the classroom. Once more, I have thought over this matter. Perform ablution before you begin prayer. She smiled when she heard this good news. You were very late yesterday. The idle is he who does not work. Please sit on the chair. Take the book which you want.

9. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک (۱) موضوع پر مقالہ لکھئے : 10

(i) آسام کی راجدھانی دسپور

(ii) کتب خانوں کے فوائد

(iii) تاج محل کی خوبصورتی

(iv) آپ کا پسندیدہ شاعر